http://urdubook4free.blogspot.com

PDF-XChange Click to buy NOW! www.tracker-software.com

آئیں گرافکس ڈیزائننگ سیکھیں



ایک قدم گرافکس ڈیزائننگ کی طرف

علم پھیلائے پوری دنیا میں

http://urdubook4free.blogspot.com

اسلام علیکم،

مارکیٹ میں Bitmap ڈیزائنگ کے لئے بہت سے سوفٹ وئیر دستیاب ہیں،لیکن Adobe Photoshop ایک مکمل ڈیزائنگ سوفٹ وئیر ہے۔اس کے ذریعے ہرطرح کی ڈیزائنگ کرنا ممکن ہےخواہ اس کا تعلق ویب ڈیزائنگ سے ہو یا گرافکس ڈیزائنگ سے۔آج سے میں آپ لوگوں کے لئے Adobe Photoshop کی ٹریننگ شروع کر رہا ہوں،میں کوشش کروں گا کہ مکمل کورس ایڈ کروں تاکہ جوکوئی بھی اس کورس کو پڑھے وہ اچھی طرح سے Adobe Photoshop سے واقف ہوجائے۔آپ اس کورس میں بہتری کے لئے اپنی رائے دے سکتے ہیں اور کسی بھی چیز کی سمجھ نہ آئے تو پوچھ لیجئے گا۔

(نوٹ) آج کے دور میں Adobe Photoshop7 کی ویلیو بہت کم رہ گئی ہے کیونکہ آج کل CS 4 کا دور ہے۔لیکن میں آپ کو Photoshop 7 سیکھاؤں گا۔جب آپ اس پر عبور حاصل کرلیں گے تو CS 4 آپ کو خود بخود استعمال کرنا آجائے گا۔

﴾ تو اللہ تعالیٰ کے پاک نام سے شروع کرتے ہیں۔ ﴿

آج کی کلاس میں آپ کو Adobe Photoshop 7 انسٹال کرنا سیکھاؤں گا۔اس سوفٹ وئیر کی سی ڈی آسانی کے ساتھ مارکیٹ میں مل جائے گی۔سی ڈی کو سی ڈی روم ڈرائیو میں داخل کریں اور Setup والے آئیکان پر ڈبل کلک کریں۔

اب انسٹالیشن کا عمل شروع ہوجائے گا۔



PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

جب نیلی بار 100% ہو جائے گی تو یہ ونڈو ظاہر ہوگی۔ اب Next پر کلک کریں۔



اب آپ سے لینگویج کا انتخاب کرنے کو کہا جائے گا، اپنی متعلقہ زبان منتخب کریں اور Next کریں۔



اب Agreement ونڈو آپ کے سامنے ہوگی۔ Agreement کو پڑھیں اور Accept پر کلک کریں۔

PDF-XChange Click to buy NOW! www.tracker-software.com

اب آپ سے چند رجسٹریشن انفارمیشن فل کرنے کا کہا جائے گا۔ سکرین شاٹس کی طرح انفارمیشن فل کریں۔



اب آپ سے ایک رجسٹریشن انفارمیشن کو کنفرم کرنے کو کہا جائے گا، اس کو YES کر دیں اور اگر کوئی تبدیلی کرنی ہو تو Back کر دیں۔

ابھی جو اگلی ونڈو آئے گی اس میں آپ کو انسٹالیشن ڈائریکٹری دکھائے گا۔

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

اگر آپ اس میں کوئی تبدیلی کرنا چاہتے ہیں تو Brows پر کلک کریں اور اپنی متعلقہ ڈائریکٹری منتخب کرلیں اور Next کر دیں۔



اس کے بعد پھر Next کر دیں۔



ابھی آپ کو Current Setting دکھائی جائے گی، اس کو Next کر دیں اور اگر کوئی تبدیلی کرنی ہو تو Back کر دیں۔



PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

ابھی انسٹالیشن شروع ہوجائے گی۔



یونہی انسٹالیشن 100% ہوجائے گی تو ظاہر ہونے والا ڈائیلاگ بکس Setup is Complete کا میسج دے گا۔

اس میں ایک چیک بکس ہے اگر آپ Adobe کے Terms پڑھنا چاہتے ہیں تو اس کر ٹک کا نشان لگا رہنے دیں نہیں تو اس ٹک کو ختم کر کے Finish پر کلک کریں۔

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

جیسے ہی آپ Finish کریں گے تو آپ کو Adobe کی ٹیم کی طرف سے Thanks کہا جائے گا اسے OK کر دیں۔



اس کے بعد سٹارٹ بٹن پر کلک اور پروگرام میں آپ کا اڈوب فوٹو شاپ پڑا ہوا ہے۔

اس کے ساتھ ہی آج کی کلاس مکمل ہوئی جلد ہی ملیں گے اگلی کلاس میں ۔۔۔۔اپنی دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔۔۔۔ وسلام عدیل قادر

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسلام علیکم،

پچھلی کلاس میں ہم نے اڈوب فوٹو شاپ انسٹال کرنے کا طریقہ سیکھا،اب آپ اڈوب فوٹو شاپ کو اوپن کریں یہ ونڈو آپ کے سامنے ہو گی۔



اس ونڈوز میں مختلف قسم کے ٹول موجود ہیں۔کسی بھی سوفٹ ویئر پر عبور حاصل کرنے کے لئے اس کے ٹولز کو سمجھنا بہت اہمیت رکھتا ہے۔لیکن بہت سے ممبرز ایسے ہوتے ہیں جو ٹولز کو غور سے نہیں پڑتے۔اس لئے آپ سب سے گذارش ہے کہ ٹولز کی کلاسز کو ابھی طرح سے پڑھیں۔
سب سے پہلے Tool Bar سے شروع کرتے ہیں۔یہاں پر آپ کو Tool Bar کا مختصر تعارف کروایا جائے گا۔جو ٹولز زیادہ استعمال ہوتے ہیں یا جن ٹولز کا تعارف تھوڑا سمجھنے والا ہوتا ہے ان پر الگ سے کلاس ایڈ کرو گا۔ فوٹو شاپ میں مختلف ٹولز ہیں۔

1. Marquee Selection Tool(M)

یہ ایک سلیکشن ٹول ہے۔جو خاص شکل میں ہی سلیکشن کرتے ہیں۔اس ٹول میں چار قسم کے Selection Tools ہوتے ہیں۔

Rectangular Marquee Tool	اس ٹول سے ڈبے کی شکل میں Selection ہوتی ہے۔
Elliptical Marquee Tool	اس ٹول سے گول یا بیضوی شکل میں Selection کر سکتے ہیں۔
Single Row Marquee Tool	اس ٹول سے Row سائیڈ کو سیدھی لائن کی Selection کر سکتے ہیں۔
Single Column Maruqee Tool	اس ٹول سے Column سائیڈ کو سیدھی لائن کی Selection کر سکتے ہیں۔

2. Moov Tool (V)

اس ٹول کی مدد سے کسی بھی تصویر یا Object کو حرکت دی جاتی ہے۔جب بھی ہم فوٹو شاپ میں کوئی تصویر کھولتے ہیں تو وہ Lock ہوتی ہے اس ٹول کی مدد سے Lock Objects کو حرکت نہیں دے سکتے ہیں،اس لئے اگر کوئی Object حرکت نہ کرے تو سمجھ لیں کہ وہ Lock ہے اس کو Unlock کر دیں اب وہ Object حرکت کرنے لگے گا۔ Object کو UnLock کرنے کے لئے اس پر ڈبل کلک کریں اور پھر OK کر دیں۔

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

3. Selection Tools(L)

یہ فری ہینڈ سلیکشن ٹولز ہیں ان کی مدد سے ہم کسی بھی جانب سلیکشن کر سکتے ہیں۔اس کی تین اقسام ہیں،ان ٹولز کی مدد سے ہم تصویر یا کسی بھی ابجیکٹ کی سلیکشن کرتے ہیں۔

Lasso Tool اس کی مدد سے فری ہینڈ Selection کی جاتی ہے۔جیسے کہ کسی بھی Painting سوفٹ ویئر میں پنسل کا استعمال کیا جاتا ہے ویسے ہی یہ ٹول کام کرتا ہے۔

Polygonal Lasso Tool یہ سلیکشن کے لئے سب سے زیادہ استعمال ہونے والا ٹول ہے۔اس کی مدد سے ہم ہر قسم کی سلیکشن چاہے وہ گول ہو یا بیضوی یا چکور ہو کی سلیکشن کر سکتے ہیں۔اس ٹول پر الگ سے کلاس ایڈ کی جائے گی۔

Magnatic Lasso Tool یہ ٹول مقناطیس کی طرح کام کرتا ہے۔تصویر میں جس جگہ پر سلیکشن کرنی ہے اس جگہ پر جا کر ایک بار کلک کریں اور پھر ماؤس کو حرکت دیتے جائیں یہ ٹول سلیکشن کرتا جائے گا۔یہ ٹول پکسل کے حساب سے سلیکشن کرتا ہے۔

4. Magic Wand Tool (W)

یہ ٹول Magic کی طرح کام کرتا ہے جو کہ نام سے ہی ظاہر ہے۔اس ٹول کو منتخب کریں اور پھر تصویر کے جس حصہ کی سلیکشن کرنی ہے اس پر سنگل کلک کر دیں یہ ایک کلک پر تصویر کی سلیکشن کر دے گا۔اس ٹول میں ایک کمانڈ استعمال ہوتی ہے CTRL+SHIFT+i اگر تصویر کا وہ حصہ سلیکٹ نہ ہو جو آپ کرنا چاہتے ہیں تو پھر CTRL+SHIFT+i پریس کر دیں اب تصویر کا جو حصہ سلیکٹ تھا وہ ختم ہو جائے گا اور جو حصہ سلیکٹ نہیں تھا وہ سلیکٹ ہو جائے گا۔

5. Corp Tool(C)

اس ٹول کی مدد سے تصویر کو Corp کیا جاتا ہے۔فرض کریں کہ آپ نے تصویر کھولی جسکا کا سائز بہت بڑا ہے،لیکن آپ کو اس تصویر کا مخصوص حصہ چاہئے اب آپ Corp Tool کو منتخب کریں اور تصویر کا جو حصہ آپ کو درکار ہے اس کو سلیکٹ کر کے Enter کا بٹن دبا دیں،اب تصویر کا متعلقہ حصہ منتخب ہو جائے گا اور باقی حصہ ختم ہو جائے گا۔

6. Slice Tool(K)

یہ ویب ڈیزائننگ ٹول ہے۔جب ہم ویب سائٹ بناتے ہیں تو اس ٹول کی مدد سے ہم Slicing کر کے اس ٹیکسٹ کو ایکٹو کرتے ہیں جس پر ہم نے Links لگانے ہوتے ہیں۔اس ٹول کا استعمال ویب ڈیزائنرز کرتے ہیں جو کہ میں نہیں ہوں۔۔ہاہاہاہاہاہا

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

7. Healing Tool(J)

یہ بہت کارآمد ٹول ہے اسکی مدد سے آپ چہرے سے کیل چھائیاں داغ وغیرہ ختم کر سکتے ہیں۔اس ٹول پر الگ سے کلاس ایڈ کی جائے گی۔

8. Clone Stamp Tool(s)

یہ ٹول بھی بہت کارآمد ٹول ہے اس کی مدد سے ہم کسی تصویر پر موجود کسی Object کاپی کر سکتے ہیں اور اتنی صفائی کے ساتھ ختم کر سکتے ہیں کہ تصویر کے بیک گراؤنڈ پر کوئی بھی اثر نہیں پڑے گا۔اس ٹول کو الگ کلاس میں تفصیل سے بیان کرونگا۔

9. Brush Tool(B)

اس ٹول کی مدد سے ہم تصویر،وال پیپر میں خوبصورت سے ڈیزائن بنا سکتے ہیں اور پھول پتیاں بھی بنا سکتے ہیں۔اس کے علاوہ بیک گراؤنڈ میں رنگ بھرنے کے لئے بھی یہ ٹول استعمال ہوتا ہے۔

Pencil Tool یہ فری ہینڈ ٹول ہے اس سے ہم کوئی بھی لفظ لکھ سکتے ہیں کوئی بھی چیز بنا سکتے ہیں۔

10. History Brush Tool(Y)

یہ تصویر کی ڈیفالٹ سیٹنگ کو محفوظ رکھتا ہے۔مثلاً آپ نے کسی تصویر پر کام کیا اور وہ آپ کو پسند نہیں آیا تو آپ History Brush کو منتخب کریں اور تصویر کے تمام حصہ پر حرکت دیں آپ کی تصویر اصل حالت میں آ جائے گی۔

اس کے ساتھ ہی آج کی کلاس اپنے اختتام کو پہنچتی ہے۔۔۔جلد ملیں گے اگلی کلاس میں۔۔۔تب تک کے لئے۔۔۔اللہ حافظ

اپنی دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔۔۔۔۔۔۔ وسلام ۔۔۔۔۔ عدیل قادر

PDF-XChange Click to buy NOW! www.tracker-software.com

﴾ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ﴿

اسلام علیکم، امید کرتا ہوں کہ آپ سب خریت سے ہوں گے۔

آج کی کلاس میں باقی Tools کا تعارف کرواؤں گا۔

11. Eraser Tool

جیسا کہ نام سے ہی ظاہر ہے۔ یہ ٹول کسی بھی چیز کو مٹانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں تین Options ہوتے ہیں۔

1. Eraser Tool اس ٹول کی ورکنگ کا اندازہ تو نام سے ہو جاتا ہے، یہ ٹول ربڑ کی طرح کام کرتا ہے۔ کسی بھی چیز کو مٹانے کے لئے اس ٹول کا استعمال کیا جاتا ہے۔

2. BackGround Eraser Tool

اس ٹول کی مدد سے کسی بھی تصویر کا بیک گراؤنڈ Erase کر سکتے ہیں۔ اس ٹول کو منتخب کریں اور پھر تصویر کے بیک گراؤنڈ پر کلک کرتے جائیں تو تصویر کا بیک گراؤنڈ ختم ہوتا جائے گا۔ یہ ٹول بیک گراؤنڈ ختم کر کے Transparent کر دیتا ہے۔

3. Magic Eraser Tool

یہ ٹول کلر پکسل کے حساب سے بیک گراؤنڈ کو ختم کرتا ہے، اس ٹول سے تصویر کے بیک گراؤنڈ پر کلک کریں گے تو یہ کلر پکسل کے مطابق تصویر کے بیک گراؤنڈ کو ختم کر دے گا۔ اسی طرح اگر آپ نے کسی سفید بیک گراؤنڈ والی تصویر کا بیک گراؤنڈ ختم کرنا ہے تو اس ٹول کو منتخب کر کے سفید حصہ پر کلک کریں ایک کلک سے ہی تمام بیک گراؤنڈ ختم ہو جائے گا۔

12. Gradient Tool (G)

اس ٹول میں دو Options ہوتے ہیں۔

1. Gradient Tool اسکی مدد سے ہم مختلف رنگوں کو مکس کر کے خوبصورت بیک گراؤنڈ بنا سکتے ہیں۔ ٹول کو منتخب کرنے کے بعد اس کی کلر ونڈو پر ڈبل کلک کریں گے تو اس کے Textures ظاہر ہو جائیں گے۔ اس ٹول میں آپ اپنی مرضی کے Textures بھی بنا سکتے ہیں اور پھر ان سے اچھے اچھے بیک گراؤنڈ بھی بنا سکتے ہیں۔

2. Paint Bucket اس ٹول سے ہم بیک گراؤنڈ میں صرف ایک ہی کلر دے سکتے ہیں۔

13. Blur Tool (R)

اس ٹول میں بھی تین ٹولز ہیں۔

1. Blur Tool اس ٹول سے تصویر کو نرم یعنی سوفٹ کیا جاتا ہے، اس ٹول کو زیادہ تر تصویر کے کناروں کو سوفٹ کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ٹول تصویر کے کناروں میں خوبصورتی پیدا کرتا ہے۔

2. Sharp Tool

یہ ٹول تصویر کو Sharp یعنی تیز کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس ٹول کو زیادہ تر تصویر کے بارڈر کو واضح کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ بعض تصویریں ایسی ہوتی ہیں جو کہ بہت زیادہ دھندلی ہوتی ہیں۔ تو ایسی تصاویر کو اس ٹول سے کافی حد تک ٹھیک کیا جا سکتا ہے۔

3. Smudge Tool

یہ ٹول تصویر کو More Blur کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس تصویر کی بیک گراؤنڈ کو Blur کر کے تصویر کو خوبصورت بنایا جاتا ہے۔

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

14. Dodge Tool (O)

اس ٹول میں بھی تین Options ہوتے ہیں۔

1. Dodge Tool یہ ٹول تصویر کو Lighting دینے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔اس ٹول سے ڈارک تصویر کو چمکدار بنایا جا سکتا ہے۔ اور تصویر کی خوبصورتی میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

2. Burn Tool یہ ٹول Dedge Tool کے بالکل مخالف کام کرتا ہے، یہ ٹول تصویر پر ڈارک ایفکٹ دینے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

3. Sponge Tool اس ٹول کی مدد سے تصویر میں گہرے رنگ ایڈ کیا جاتا ہے۔تصویر پر موجود ایسا حصہ جہاں گہرے ایفکٹ ہلکا ہو تو اس ٹول کی مدد سے اس حصہ کو واضح کیا جا سکتا ہے۔

15. Text Tool (T)

اس ٹول کی مدد سے لکھائی کی جاتی ہیں کسی قسم کا بھی ٹیکسٹ لکھنے کے لئے اس ٹول کا استعمال کیا جاتا ہے۔اس کی چار Option ہوتی ہیں۔

1. Horizontal Type Tool اس کی مدد سے ہم Horizontal سائیڈ کو ٹیکسٹ لکھتے ہیں۔

2. Vertical Type Tool اس کی مدد سے ہم Vertical سائیڈ کو ٹیکسٹ لکھتے ہیں۔

3. Horizontal Type Mask Tool اس ٹول کی مدد سے جب ٹیکسٹ لکھا جاتا ہے تو اس کی سلیکشن ہو جاتی ہے اگر Delete کا بٹن دبائیں گے تو تصویر کا سلیکشن والا حصہ ختم ہو جائے اور آپ کا ٹیکسٹ اس جگہ پر آ جائے گا۔ (اس ٹول پر الگ سے کلاس ایڈ کی جائے گی)

4. Vertical Type Mask Tool یہ ٹول بھی اوپر والے ٹول کی طرح ہی Vertical سائیڈ میں کام کرتا ہے۔

16. Pen Tool(P)

یہ ایک سلیکشن ٹول ہے، پیچیدہ قسم کی سلیکشن کے لئے اس ٹول کو استعمال کیا جاتا ہے، یہ ٹول Nodes کی صورت میں کام کرتا ہے آپ ان Node کو کسی بھی سائیڈ میں سیٹ کر سکتے ہیں (اس ٹول پر الگ سے کلاس ایڈ کی جائے گی)

17. Shape Tool(U)

اس ٹول کے بارے میں تو ہر کوئی جانتا ہی ہوگا، اس ٹول میں مختلف Shapes بنی ہوئی ہیں جن کو ڈیزائننگ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

18. Notes Tool(N)

اس ٹول سے ہم ڈیزائن پر کسی قسم کا بھی نوٹ لکھ سکتے ہیں یہ Reminder کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔مثلاً آپ نے کسی کے لئے ایک ڈیزائن تیار کیا اب آپ ڈیزائن کے متعلق کچھ Comments دینا چاہتے ہیں تو آپ اس ٹول کو منتخب کریں اپنی Comments لکھ دیں، اب سکرین پر ایک چھوٹا سا پیلے رنگ کا آئیکون آ جائے گا، جب بھی اس پر ڈبل کلک کریں گے تو آپ کا نوٹس سامنے ہوگا۔

1. Audio anotation Tool یہ ٹول بالکل نوٹس ٹول کی طرح ہی کام کرتا ہے اس کے آپ اپنا پیغام اپنی آواز میں لگا سکتے ہیں نوٹس ریکارڈ کرنے کے بعد ایک آئیکون بن جائے گا اس پر ڈبل کلک کریں گے تو آپ نے جو کچھ ریکارڈ کیا ہوگا وہ چلنا شروع ہو جائے گا۔

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com
PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

18. Eye Dropper Tool (I)

یہ ٹول کلر کا انتخاب کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ اگر آپ کو کسی تصویر میں کوئی کلر پسند آجاتا ہے اور آپ اس کلر کو اپنے ڈیزائن میں استعمال کرنا چاہتے ہیں تو Eye Dropper Tool کو منتخب کریں اور کلر والی جگہ پر کلک کریں فارگراؤنڈ میں وہ کلر منتخب ہوجائے گا۔ اس میں مزید دو آپشنز اور بھی ہیں۔

1. Color Sampler Tool

اس ٹول سے رنگ کی مقدار کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔ جس کلر کی مقدار کو دیکھنا ہو اس پر جا کر اس ٹول سے کلک کریں تو Info ونڈو میں آپ کو کلر کی مقدار دیکھا دے گا۔ (کلر کی مقدار کیا ہے اور کیسے استعمال ہوتی اس کو اگلی کلاس میں بتاؤں گا۔)

2. Measure Tool

اس ٹول سے تصویر کی پیائش کی جاتی ہے۔ تصویر کے جس حصہ کی پیائش کرنی ہو اتنے حصہ پر ماؤس کو حرکت دیں Info ونڈو میں آپ کو تصویر کا سائز دیکھا دے گا۔

19. Hand Tool (H)

یہ ٹول سکرول بار کو اوپر نیچے کرنے کے کام آتا ہے۔ مثلاً آپ نے ایک تصویر کھولی جس کا سائز بڑا ہے اور وہ تصویر پوری نظر نہیں آرہی ہے تو آپ ہینڈ ٹول کو منتخب کریں اور تصویر کو کسی بھی جانب حرکت دیں۔ Picture Editing کے دوران یہ ٹول بہت استعمال ہوتا ہے Picture Editing کے دوران آپ H والا بٹن دبانے کی بجائے Space کا بٹن دبا کر اس ٹول کو استعمال کریں۔

20. Zoom Tool (Z)

اس ٹول سے فائل کا زوم بڑا یا چھوٹا کیا جاتا ہے۔ بعض تصویریں بہت چھوٹی ہوتی ہیں ان میں ورکنگ کرنے کے لئے اس ٹول کو استعمال کیا جاتا ہے۔ تصویر کی کٹنگ کرتے وقت بھی اس ٹول کو استعمال کیا جاتا ہے۔

اب تک ہمارے ٹولز مکمل ہو چکے ہیں۔ اب ہم انشا اللہ پریکٹیکل کام کریں گے کہ ٹول کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے۔ جلد ملتے ہیں اگلی کلاس میں۔ تب تک کے لئے ----- اللہ حافظ ------- اپنی دعاؤں میں یاد رکھئے گا ---- وسلام --- عدیل قادر

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسلام علیکم،

پچھلی کلاسز میں ہم نے ٹول بارز کے بارے میں پڑھا، جیسے ٹول بارز بہت اہمیت رکھتے ہیں ایسے ہی Layers بھی بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ فوٹوشاپ پر مہارت حاصل کرنے کے لئے Layers پر مہارت ہونا بہت ہی ضروری ہے، جس نے Layers پر مہارت حاصل کر لی سمجھ لیں وہ ڈیزائنر بن گیا۔ اس لئے اس کلاس کو اچھے طریقے سے پڑھئے گا۔



اگر Layers ظاہر نہ ہو تو GOTO > Windows > Layers پر کلک کریں۔



Short Intro Of Layer Windows



PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

1. Mode

یہ Layers کے موڈز ہیں ان کا استعمال ڈیزائن کے مطابق کیا جاتا ہے۔مختلف ڈیزائن میں مختلف موڈ استعمال ہوتے ہیں،فوٹو شاپ میں کل 22 موڈز ہیں آپ ان کو کسی بھی تصویر پر چیک کر سکتے ہیں۔جو موڈ آپ کے ڈیزائن پر اچھا لگے اسے استعمال کر لیں۔



2. Opacity

Opacity کسی Object کو مدہم کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔جب فوٹو شاپ میں کوئی تصویر کھولی جاتی ہے تو اس کی 100% Opacity ہوتی ہے،اگر آپ کسی Object کو مدہم کرنا چاہتے ہیں تو اس کی Opacity کو کم کر دیں وہ Object مدہم ہو جائے گا۔میں نے سکرین شاٹ دیا ہے اس میں پکچر نمبر 1 کی 100% Opacity ہے اور پکچر نمبر 2 کی Opacity 50% ہے،اس سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ Opacity کا استعمال کیا ہے۔

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

3. Fill Opacity

اس کا بھی یہی کام ہے ڈیزائن بناتے وقت ہم جو کلر استعمال کرتے ہیں ان کو مدہم کرنے کے لئے اس کو استعمال کیا جاتا ہے۔

4. Layers

یہ سب سے اہم ہیں ان کو سمجھنا فوٹو شاپ کو سمجھنا ہے۔فوٹو شاپ میں کوئی بھی تصویر کھولیں، جیسے ہی آپ کوئی تصویر کھولیں گے تو ایک Layer خود بخود بن جائے گا۔

اب ہم نے اس تصویر پر گھاس بنائی تو جب ہم گھاس کو حرکت دیں گے تو بیک گراؤنڈ بھی اس کے ساتھ ہی حرکت کرے گا، کیوں کہ ہم نے گھاس کو بیک گراؤنڈ والے لیئر کو سلیکٹ رکھتے ہوئے ہی بنایا ہے، اس لئے یہ بیک گراؤنڈ والے لیئر میں کمبائن ہو گیا۔ نیو یوزرز کے لئے یہ بہت بڑا مسئلہ ہوتا ہے کیوں کہ ان کو لیئر کے بارے میں انفارمیشن نہیں ہوتی اور جب وہ کوئی Object بناتے ہیں تو وہ بیک گراؤنڈ کے ساتھ کمبائن ہو جاتا ہے اور جب اس Object کو حرکت دیتے ہیں تو بیک گراؤنڈ بھی اس کے ساتھ ہی حرکت کرنے لگ جاتا ہے۔ اسی لئے جب بھی کوئی ڈیزائن تیار کریں تو ہر Object کیلئے الگ سے Layer بنائیں تا کہ اس Object آسانی سے حرکت دیں سکیں یا کوئی بھی تبدیلی کر سکیں۔

اب ہم نے جو تصویر کھولی ہے اس میں گھاس بنانی ہے، اگر ہم مین لیئر کو سلیکٹ رکھتے ہوئے ہی گھاس بنائے گے تو گھاس بیک گراؤنڈ میں کمبائن ہو جائے گی۔ جب ہم گھاس کو حرکت دیں گے تو بیک گراؤنڈ بھی ساتھ ہی حرکت کرے گا۔ تو اس مصیبت سے بچنے کیلئے ہم ایک نیا لیئر بنائیں گے اور اس میں گھاس بنائیں گے۔ اس سے ہوگا یہ کہ ہم گھاس کو جب چاہیں اپنی مرضی سے حرکت دے سکتے ہیں اور کوئی بھی تبدیلی کر سکتے ہیں۔ اور بیک گراؤنڈ کا بھی اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہوگا کیوں کہ ہم نے تو الگ سے لیئر بنایا ہے۔

اب ایک اور لیئر بنائیں، یہ اس لئی کہ ہم نے مزید گھاس بنانی ہے اور اس کو Rotate کرنا ہے، اگر ہم پہلے والے لیئر میں ہی مزید گھاس بنائیں گے تو Rotate کرتے وقت تمام کی تمام گھاس ہی Rotate ہو جائے گی، اب آپ سکرین شاٹ دیکھیں کہ میں نے دو لیئرز بنائیں ہیں، ایک سبز گھاس کے لئے اور دوسرا لال گھاس کے لئے،

اگر میں ایک ہی لیئر میں دونوں کلر Apply کر دیتا تو دوبارہ کلر تبدیل کرتے وقت تمام کی تمام گھاس کا کلر تبدیل ہوتا، لیکن الگ الگ لیئرز بنانے سے ہم سبز گھاس میں الگ سے تبدیلی کر سکتے ہیں اور لال والی میں الگ سے۔

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

اب ہم نے اس تصویر پر ٹیکسٹ لکھنا ہے اس کے لئے Text Tool کو منتخب کریں۔اس کے لئے نیا لیئر بنانے کو ضرورت نہیں ہوتی کیوں کہ ٹیکسٹ ٹول کا لیئر خود ہی بن جاتا ہے۔ٹیکسٹ ٹول کو منتخب کر کے تصویر پر کلک کریں اس کا لیئر بن جائیگا۔اب آپ کوئی بھی ٹیکسٹ لکھ لیں۔وہ الگ ہی رہے گا کیوں کہ اس کا لیئر خود بخود بن جائے گا۔

اب ہمارے پاس کل چار لیئر ہیں 1. Red Grass , 2. Green Grass , 3. Text , 4. BackGround

ان چاروں لیئرز میں سے ہم جس میں تبدیلی کرنا چاہیں گے اس کو سلیکٹ کر کے تبدیلی کر سکتے ہیں۔اگر یہی کام ہم نے ایک ہی لیئر میں کیا ہوتا تو اس میں تبدیلی کرنا ممکن ہو جاتا۔امید ہے کہ یہاں تک آپ کو سمجھ آ گئی ہوگی۔

اب میں جو بات سمجھانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جو لیئر اوپر ہوگا اس کا Object تصویر میں اوپر ہوگا اور جو Layer نیچے ہوگا اس کا Object تصویر میں نیچے ہوگا۔مثلاً اس تصویر میں گھاس ٹیکسٹ کے اوپر ہے اگر آپ چاہتے ہیں کہ ٹیکسٹ گھاس کے اوپر ہو اور گھاس ٹیکسٹ کے پیچھے ،تو اس کے لئے ٹیکسٹ والے لیئر کو اٹھا کر گھاس والے لیئرز کے اوپر رکھ دیں اب ٹیکسٹ آگے آجائے گا اور گھاس پیچھے چلی جائے گی۔

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

اسی طرح اگر آپ گھاس کو ٹیکسٹ کے پیچھے لے جانا چاہتے ہیں تو گھاس والے لیئرز کو اٹھا کر ٹیکسٹ والے لیئر کے اوپر رکھ دیں گھاس آگے آجائے گی اور ٹیکسٹ پیچھے چلا جائے گا۔

امید ہے کہ آپ Layers کو اچھی طرح سمجھ گئے ہوں گے اور اب لیئرز پر ہر طرح کا کام کر سکتے ہوں گے۔ کسی بات کی سمجھ نہ آئی ہو تو پوچھ لیجئے گا۔

﴿نوٹ﴾ فوٹوشاپ پر عبور حاصل کرنے کے لئے یہ کلاس بہت اہم ہے۔ اس لئے اس کو توجہ سے پڑھیں۔

اب مجھے اجازت دیں۔ انشااللہ جلد ملیں گے اگلی کلاس کے ساتھ۔۔ اپنی دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔۔۔ وسلام ۔۔۔۔ عدیل قادر

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمام ممبرز کو میرا سلام قبول ہو۔

آج میں آپ کی خدمت میں اڈوب فوٹوشاپ کی کلاس نمبر 5 کے ساتھ حاضر ہوا ہوں، پہلی پانچ کلاسز بہت اہم ہیں ان پر عبور حاصل کرنا اڈوب فوٹوشاپ پر عبور حاصل کرنا ہے۔ باقی کلاسز پریکٹیکل ہیں کریں گے تو مہارت حاصل ہو جائے گی۔ تو کام شروع کرتے ہیں۔

آج کی کلاس میں آپ کو Channels کے بارے میں بتاؤں گا۔ Channels کسی بھی اچھے ڈیزائنر کے لیے بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ اگر Windows Channel موجود نہ ہو تو GOTO > Windows > Channels پر کلک کریں۔



فوٹوشاپ میں Bitmap ڈیزائننگ ہوتی ہے اس لئے اس میں زیادہ تر RGB چینل استعمال ہوتے ہیں۔ RGB اصل میں تین کلرز کا مجموعہ ہے (1. R = Red , 2. G = Green , 3. B = Blue)

ایسے ڈیزائن جن کو Printer یا سٹوڈیو سے ڈیولپ کروایا جاتا ہے ان کے لئے RGB چینلز استعمال ہوتے ہیں۔

لیکن ایسے ڈیزائن جن کی پریس مارکیٹ سے چھپوائی کروائی جاتی ہے ان میں CMYK چینلز استعمال ہوتے ہیں۔ پاکستان میں جتنی بھی ڈیزائننگ ہوتی ہے CMYK کلرز کو ہی استعمال کئے جاتے ہیں۔ CMYK چار کلرز کا مجموعہ ہے۔

1. C = Cyan

2. M = Magenta

3. Y = Yellow

4. K = Black

پریس مارکیٹ میں بننے والا ہر ڈیزائن ان چار کلرز پر مبنی ہوتا ہے۔ لازمی نہیں کہ ہر ڈیزائن میں یہ چار کلرز اکٹھے ہی استعمال ہوں، ان میں سے دو کلرز بھی استعمال ہو سکتے ہیں یا تین کلرز بھی۔ اب آپ سوچ رہے ہوں گے کہ کس طرح پتہ چلے گا کہ ڈیزائن میں کتنے کلرز استعمال ہوئے ہیں یا نہیں تو پریشان مت ہوں میں ہوں نا۔

اب آپ ایسا کریں کہ اپنا ڈیزائن کھولیں اور GOTO > Image > Mode > CMYK پر کلک کریں۔

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

اب چینل ونڈو میں CMYK آ جائے گا۔

اب چینل ونڈو میں Cyan اور Black پر آنکھ کا نشان لگا رہنے دیں اور باقی تمام پر آنکھ کا نشان ہٹا دیں۔ابھی ڈیزائن میں جو کچھ نظر آئے گا اس میں Cyan کلر استعمال کیا گیا ہے۔



اسی طرح اب Black پر آنکھ کا نشان لگا رہنے دیں اور Cyan سے آنکھ کا نشان ختم کر دیں اور Magenta پر لگا دیں۔اب ڈیزائن میں جو کچھ نظر آئے گا اس میں Magenta کلر استعمال کیا گیا ہے۔



اب Magenta سے آنکھ کا نشان ہٹا دیں اور Yellow پر لگا دیں، ڈیزائن میں جو کچھ نظر آئے گا وہ Yellow کلر میں ہے۔



اب Yellow کلر سے آنکھ کا نشان ہٹا دیں اور صرف Black پر ہی لگا رہنے دیں اب جو کچھ نظر آئے گا وہ Black کلر میں ہے۔



اس طریقے سے ہم جان سکتے ہیں کہ ڈیزائن میں کون کونسے اور کتنے کلر استعمال ہوئے ہیں کیوں کہ پریس مارکیٹ میں ان کلرز کے مطابق ہی ڈیزائن Print ہوتا ہے۔ اگر ان چار کلرز میں سے کوئی ایک بھی استعمال نہ کیا ہو تو اس کی ونڈو خالی ہو گی اس سے آپ کو پتہ چل جائے گا کہ کونسا کلر استعمال نہیں کیا گیا۔ امید ہے کہ آپ کو یہاں تک سمجھ آ گئی ہو گی۔

اب میں آپ کو ڈیزائن پرنٹنگ کا مرحلہ بتاتا ہوں۔ کوئی بھی ڈیزائنر ڈیزائن بنانے سے پہلے اس کے کلرز کو دیکھتا ہے کہ اس ڈیزائن میں کتنے کلرز استعمال ہوں گے۔ میں نے جو ڈیزاین بنایا ہے اس میں چار کلرز استعمال کئے گئے ہیں، فرض کریں کہ ہم نے اسی ڈیزائن کی پرنٹنگ کروانی ہے۔ تو سب سے پہلے اس کے لئے Positive OR Negative بنوانے پڑتے ہیں، ڈیزائن میں جتنے کلر استعمال ہوئے ہوں اس حساب سے ہی Positive بنتے ہیں، جیسے میں نے اپنے ڈیزائن میں چار کلرز استعمال کئے ہیں تو اسکی پرنٹنگ کے لئے چار Positive بنوانے پڑے گے۔ (Positive OR Negative سے پلیٹس بنتی ہیں جو پرنٹنگ مشین میں لگتی ہیں) Positive بنوانے کے بعد اس کی پلیٹس بنوائیں گے۔ ڈیزائن میں جتنے کلرز استعمال ہوتے ہیں اتنے ہی Poisitives بنے گیں اور جتنے Positives بنے ہیں اتنی ہی پلیٹس بنیں گی۔

اب اگلا مرحلہ ہے پرنٹنگ کا تو مشین آپریٹر باری باری تمام کلر چلائے گا۔ سب سے پہلے وہ Black کلر کی پلیٹ مشین میں لگائے گا اور پرنٹنگ شروع کر دے گا، جب ڈیزائن پرنٹنگ مکمل ہو جائے گی تو جتنے حصہ پر Black کلر استعمال ہوا ہو گا وہ پرنٹ ہو جائے گا۔ Result



اسی طرح آپریٹر پھر Yellow کلر والی پلیٹ لگائے گا اور Yellow کلر کو انہی پیپرز پر دوبارہ پرنٹ کرے گا تو Yellow کلر جس Object پر استعمال کیا ہو گا وہ حصہ پرنٹ ہو جائے گا۔ Result



پھر آپریٹر Yellow کلر کی پلیٹ اتار کر Magenta کلر کی پلیٹ لگائے گا اور وہی پیپرز مشین میں لگا دے گا اور پرنٹنگ شروع ہو جائے گی۔ Result



PDF-XChange Click to buy NOW! www.tracker-software.com

اب تک تین کلرز پرنٹ ہو چکے ہیں اب باری ہے آخری کلر کی اسی طرح مشین آپریٹر اب Cyan کلر کی پلیٹ لگائے گا اور یہی پیپرز دوبارہ مشین میں لگا کر پرنٹنگ شروع کر دے گا۔ جیسے ہی پرنٹنگ مکمل ہوگی تو آپ کا ڈیزائن بالکل تیار ہے۔ Result



پرنٹنگ میں اس طرح الگ الگ کلرز استعمال ہوتے ہیں اور ڈیزائن تیار ہوتا۔ پھر اس کے بعد Lamination کی جاتی ہے اور ڈیزائن کی کٹنگ کر دی جاتی ہے۔ اور Result آپ کے سامنے ہے۔



پریس مارکیٹ میں ہر ڈیزائن اسی مرحلے سے گزرتا ہے ہاں کلرز کا فرق ہو سکتا ہے، ہوں گے یہی چار کلر لیکن ہو سکتا ہے کہ کسی ڈیزائن میں دو کلر استعمال ہو یا چاروں ہی استعمال ہوں۔ یہاں تک امید ہے کہ آپ کو سمجھ آ گئی ہوگی۔ کسی بات سمجھ نہ آئے پوچھ لیں۔

جلد حاضر ہوں گا اگلی کلاس کے ساتھ تب تک کے لئے ---- اللہ نگہبان --- اپنی دعاؤں میں یاد رکھئے گا --- وسلام --- عدیل قادر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسلام علیکم،

آج ہم اپنی کلاس نمبر 5 شروع کریں گے۔ امید کرتا ہوں کہ آپ نے پہلی کلاسز کی پریکٹس کر لی ہوگی اور اس کلاس کے لئے تیار ہوں گے۔ تو شروع کرتے ہیں آج کی کلاس،

1. Navigater and Info Windows

اگر یہ ونڈوز موجود نہ ہوں Info , Navigater < Windows < GOTO پر کلک کریں۔



Navigater Windows آپ کو تصویر کا View دیکھاتی ہے۔ جیسے ہی کسی تصویر کا زوم بڑھائیں گے تو اس میں ایک لال رنگ کا ڈبہ آجائے گا جو کے آپ کو دکھائے گا کہ آپ تصویر کے کس حصہ پر کام کر رہے ہیں۔ اس ڈبے کو Navigater ونڈو میں جس جگہ پر سیٹ کریں گے تو آپ کو اسی جگہ کا View دکھایا جائے گا۔ اس ونڈو سے آپ تصویر کا زوم چھوٹا یا بڑا کر سکتے ہیں۔ Nodes کو رائٹ سائیڈ پر حرکت دینے سے زوم بڑے گا اور لیفٹ سائیڈ پر حرکت دینے سے زوم چھوٹا ہوگا۔



(ii) . Info Windows

اس ونڈو کی مدد سے ہم کلرز کی مقدار جانتے ہیں۔ فرض کریں کہ آپ کو کسی ڈیزائن میں کوئی کلر اچھا لگا اور آپ اس کو اپنے ڈیزائن میں استعمال کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے ماوس پوائنٹر کو اس کلر کے اوپر لے جائیں تو Info Windows آپ کو اس کلر کی مقدار دکھا دے گی اب آپ اس کلر کو آسانی سے استعمال کر سکتے ہیں۔

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

2. Color , Swatches , Style

(i) Color Windows

اس ونڈو میں R , G , B کلرز ہیں، آپ ان تینوں کلرز کو ملا کر کوئی بھی کلر بنا سکتے ہیں۔ اگر یہ ونڈو نہ ہو تو سکرین شاٹ کی طرح کریں۔



ونڈو میں موجود Nodes کو حرکت دینے سے مختلف کلرز بنتے جائیں گے۔



اگر آپ کو کسی ڈیزائن میں کوئی کلر اچھا لگتا ہے اور آپ اس کو اپنے ڈیزائن میں استعمال کرنا چاہتے ہیں تو ماؤس کو اس کلر پر لے جائیں اب Info Windows میں آپ کو کلرز کی مقدار بتا دے گا تو آپ RGB کے مطابق کلر ونڈو میں کوڈ ایڈ کر لیں آپ کا کلر منتخب ہو جائے گا۔



میں نے ماؤس کو گلابی کلر پر رکھا تو Info Windows میں کلرز کی مقدار آ گئی، اب میں نے اس مقدار کو RGB کے حساب سے کوڈ لکھے تو کلر منتخب ہو گیا۔ اسی طرح کا ہر قسم کا کلر بنا سکتے ہیں۔



(ii) Swatches

یہ فوٹوشاپ کے بنے بنائے کلرز ہیں ان میں سے جس کلر کو استعمال کرنا ہے اس پر کلک کریں کلر منتخب ہو جائے گا۔

(iii) Styles

یہ فوٹوشاپ کے Styles ہیں اس ونڈو میں بہت سے بنے بنائے سٹائلز ہوتے ہیں۔



اگر آپ مزید سٹائل استعمال کرنا چاہتے ہیں تو Arrow کے نشان پر کلک کریں اور مینیو شیٹ میں جس جگہ دائرہ لگا ہوا ہے وہ مزید سٹائل ہیں۔

ان میں سے کسی پر بھی کلک کریں ایک میسج آئے گا اس کو Append کر دیں آپ کا سٹائل ایڈ ہو جائے گا۔ اب آپ ان کو استعمال کر سکتے ہیں۔

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

3. History , Action windows

اگر یہ ونڈو موجود نہ ہو تو GOTO > Windows > History , Action پر کلک کریں۔

(i) History Windows

فوٹو شاپ کو استعمال کرنے کے دوران آپ جو کچھ بھی کرتے ہیں وہ ہسٹری ونڈو میں محفوظ ہوتا رہتا ہے۔ آپ کا کیا گیا ہر کام ہسٹری میں محفوظ ہوتا رہتا ہے۔



(ii) Actions Windows

Actions ریکارڈ کی گئی کمانڈز کو کہا جاتا ہے۔ Actions میں آپ اپنا کوئی بھی کام ریکارڈ کر سکتے ہیں اور پھر ضرورت پڑنے پر صرف ایک کلک سے آپ کا کام Revise ہو جائے گا۔ اب میں آپ کو اس کے کام کرنے کا طریقہ بتاتا ہوں۔

Action Windows میں نظر آنے والے Arrow کے نشان پر کلک کریں اس سے options کھل جائیں گے، سکرین شاٹ میں جس جگہ پر لال رنگ کا ڈبہ لگا ہوا ہے وہ فوٹو شاپ کے بنے بنائے Actions ہیں۔



PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

ان میں سے کسی پر بھی کلک کریں وہ Action کھل جائے گا۔اب Play کے بٹن پر کلک کریں گے تو جس ایکشن کو آپ نے منتخب کیا تھا وہ اپنا کام کرنا شروع کر دے گا۔





انٹرنیٹ پر لاکھوں ایکشنز موجود ہیں آپ انٹرنیٹ سے ایکشنز کو ڈاؤن لوڈ کر کے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔اس کے لئے Action Windows میں موجود Arrow کے نشان پر کلک کریں اور پھر Load Actions پر کلک کریں۔



اب Browser Window کھل جائے گی اس میں سے Action کو اوپن کر لیں اور پھر Play کے بٹن سے اس کو Apply کر لیں۔

PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

یہ تو تھا Actions کو استعمال کرنے کا طریقہ اب میں آپ کو بتاتا ہوں کہ Actions بنائے کیسے جاتے ہیں۔ Action Windows میں New Action Icon سے پر کلک کریں۔



اب ایک ونڈو کھل جائے گی اس میں سے Record پر کلک کریں۔

اب ایکشن ونڈو میں ایک Action 1 کے نام سے فائل بن جائے گی، اب آپ جو کچھ بھی کریں گے وہ Record ہوتا جائے گا۔ جب آپ اپنا کام مکمل کر لیں تو Stop Icon پر کلک کریں۔ آپ کا ایکشن بن جائے گا۔





PDF-XChange
Click to buy NOW!
www.tracker-software.com

PDF-XChange
Click to buy NOW!
